**DIGITAL ARTS URDU TEACHERS GROUP** (Md.Azam.8123147719)

**SSLC ANNUAL EXAM PRATICE PAPER 2018-19**

**SUB : SOCIAL SCIENCE (85-U)**

**PRACTICE PAPER - 07**

**TIME : 3 HOURS** | **NUMBER OF QUESTION : 47** | **MARKS : 80**

I • مندرجہ ذیل سوالات کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں موزوں جواب کا انتخاب کرکے لکھئے 10x1=10

(1) • پیشوا کے عہدے کو حاصل کرنے کے لئے رگھوناتھ راؤ نے انگریزوں سے مدد طلب کی کیونکہ

(a) • مرہٹہ حکمرانوں سے رگھوبا کو کوئی حمایت نہیں ملی (b) • نانا راؤ کو پیشوا بنایا گیا

(c) • مرہٹہ خاندان سے اسکو انگریزوں سے مدد طلب کرنے کی اصلاح دی

(d) • مرہٹہ حکمرانوں نے اسکے خلاف جنگ کا اعلان دیا

(2) • انگریزی حکومت نے لارڈ لیٹن کے دور میں جاری کردہ ورناکیولر پریس ایکٹ (صحافتی) کا اہم مقصد تھا

(a) • انگریزی اخبارات کو بڑھاوا دینے کے لئے • (b) ہندوستانی صحافتی آزادی کو ختم کرنے کے لئے

(c) • مختلف زبانوں میں اخبارات کی اشاعت کو بڑھاوا دینے کے لئے

(d) • ہندوستانیوں پر اخبارات جاری کرنے پر پابندی عائد کرنے کے لئے

(3) • دوسری عالمی جنگ کا فوری حادثہ/سبب تھا

(a) • آسٹریا کے ولی عہد شہزادہ آرک ڈیوک فرانسس فرڈیننڈ کا قتل ہو جانا

(b) • پولینڈ پر جرمنی کا حملہ

(c) • روس اور امریکہ کے درمیان سرد جنگ (d) • امریکہ کو پرل ہاربر پر جاپان کا حملہ

★ (4) • آج کل تولیتی کونسل سرگرم عمل نہیں ہے کیونکہ

(a) • اسکے زیر انتظام ممالک آزاد ہوگئے • (b) سلامتی کونسل اسکے اختیارات کو انجام دے رہی ہے

(c) ممبر ممالک اسکی مخالفت کر رہے ہیں • (d) اسکی کارگذاریوں کو ممبر ممالک میں تقسیم کیا گیا ہے

(5) • ہندوستان نیلسن منڈیلا کی پرزور حمایت کرتا ہے کیونکہ

(a) • ہندوستان نہیں آفریقہ کے گاندھی کہتا ہے • (b) ہندوستان UNO کا اہم رکن/ممبر ہے

(c) • ہندوستان کی خارجہ پالیسی نسلی امتیازی پالیسی کے مخالف ہے

(d) • ہندوستان ناوابستہ تحریک پر عمل کرتا ہے۔

Prepared by Zohra Khanum

(6) • 1993ء میں اُنّی کرشنن اور آندھرا پردیش حکومت کے مقدمے کے فیصلے پر سپریم کورٹ نے فیصلہ دیا

(a) • چھوت چھات سزا اور جرم ہے • (b) تعلیم ایک بنیادی حق ہے (پیدائش سے کر ۱۴ سال کی عمر تک)

(c) • جنس میں اختلاف جرم ہے • (d) اقلیت کے لئے تحفظ کا حق

(7) • موسم گرما میں ہندوستان میں موسمی حالات

(a) • گرم - خشک - جھلسانے والا ہوتا ہے • (b) کم گرم - خشک اور جھلسانے والا

(c) • گرم - نم - اور جھلسانے والا • (d) کم گرم - خشک اور سرد

(8) • تنگ بھدرا منصوبہ ان ریاستوں کو مشترکہ کوشش ہے

(a) • کرناٹک - آندھرا پردیش • (b) بہار - مغربی بنگال

(c) • پنجاب - ہریانہ - راجستھان • (d) گجرات - مدھیہ پردیش

(9) • کاروباری بینک یا مخصوص شعبہ کو دئے جانے والی ادئیگیوں کی حد مقرر کرتی ہے اُسکو کہا جاتا ہے

(a) • قرضے کے مارجن میں تبدیلی • (b) مقررہ زیادہ سے زیادہ کریڈٹ (جمع کی حد)

(c) • کھلے بازاری کی کاروائیاں • (d) ریزرو تناسب میں تبدیلی

(10) • آفاقیت کی وجہ سے مندرجہ ذیل ادارے کا کردار بہت اہم ہے

(a) • IMF اور W.T.O عالمی تجارتی ادارہ • (b) NNICEF اور F.A.O

(c) • UNESCO یونیسکو اور یونیسف UNICEF

(d) • سارک SAARC اور یوروپی اتحاد

II • مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔ 14x1=14

(11) • دوسری اینگلو مرہٹہ جنگ کا اہم سبب کیا تھا ؟

(12) • انگریزوں نے سفید پر بوجھ تھیوری کیوں جاری کئے ؟

(13) • کس انگریزی گورنر نے ستی کی رسم کا خاتمہ کیا ؟

(14) • 1857ء کی جنگ آزادی میں سپاہیوں نے عام عوام کا اعتماد کھو دیا کیوں ؟

(15) • نظریہ نکاس یا Drain theory سے کیا مراد ہے ؟

(16) • ہندوستان کی خارجہ پالیسی کو نہرو پالیسی کہا جاتا ہے کیوں ؟

(17) • عوامی بھیڑ / تشدد کو کسطرح قابو میں کیا جاسکتا ہے ؟

(18) • مزدور تحریک سے کیا مراد ہے ؟

(19) • شمالی مشرقی ریاستوں میں شدید بارش ہوتی ہے کیوں؟

(20) • انگریزوں نے ہندوستان میں کن مقاصد کے لئے ریلوے لائن کا آغاز کیا؟

(21) • GIS جغرافیائی معلوماتی نظام سے کیا مراد ہے؟

(22) • آج کل کاغذ سازی کی صنعت میں دھان گیہوں باری۔ گھاس گنے چھلکے پھٹے پرانے کپڑوں کا استعمال ہوتا ہے کیوں؟

(23) • دیہی پسماندگی اور دیہی غربت کی اہم وجہ کیا ہے؟

(24) • آفاقیت ترقی پذیر ممالک میں بے روزگاری کو عام کرتی ہے کیوں؟

**III** • حسب ذیل سوالات کے جوابات 2 تا 4 جملوں میں لکھئے 15×2 = 30

(25) • بمبئی مدراس اور کلکتہ کو کسطرح انگریزوں نے اپنے تجارتی مراکز بنائے؟

(26) • رعیت داری نظام سے کسان قرضے میں ملوث ہوکر تباہ ہوگئے کسطرح؟

(27) • معاشی / اقتصادی تبدیلیاں 1857ء کی جنگ آزادی کا سبب بنے کسطرح؟

(28) • جوناگڑھ کسطرح ہند یونین میں شامل ہوا؟

(29) • پہلی عالمگیر جنگ کے نتائج / اثرات لکھئے؟ **یا** چینی انقلاب کے اثرات بیان کرو؟

(30) • دوسرے ممالک کے ساتھ بہترین تعلقات کا ہونا ضروری ہے کیوں؟

(31) • عالمی معاشی عدم مساوات کو دور کرنے کے لئے ہندوستان نے کون کونسے اصلاحی اقدامات اٹھائے ہیں؟

(32) • بھوک کے مظہر یا بھوک کو دکھلانے والے اشارات کسطرح بنائے جاتے ہیں؟ / ظاہر کئے جاتے ہیں؟

(33) • شمالی ہند کے میدان زراعت کے لئے موزوں ہیں کسطرح؟

(34) • ہندوستان میں جنگلات کی تباہی کے اسباب کون کونسے ہیں؟

(35) • خریف اور ربیع فصلوں کے موسم میں کیا فرق ہے؟

(36) • ہندوستان میں برقی قوت کی کمی کے اسباب کی فہرست بنائیے؟

(37) • ہندوستان کے کچھ علاقوں میں آبادی کی کثافت کم ہے کیوں؟

(38) • چیزوں / اشیاء کی مانگ میں تبدیلی لانے والے عناصر کون کونسے ہیں؟

(39) • صارفین کے استحصال کے وجوہات کیا ہیں؟

**IV** • مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات 5 تا 6 جملوں میں لکھئے۔ 6×3=18

(40) • 1919ء کا انڈین کونسل (پرلیمنٹ) ایکٹ ہندوستانی انتظامیہ میں بہت سے تبدیلیوں کا سبب بنا کسطرح وضاحت کیجئے؟

Prepared by Zohra Khanum

یا

کتور کی رانی چنما کے لئے انگریزوں سے جنگ کرنا اٹل / ناگزیر ہوگیا تھا؟ کیسے وضاحت کیجئے

(41) • ہندوستان میں بے روزگاری کے مسلے کو حل کرنے کے لئے کون کونسے اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟

یا

UNO کی عام اسمبلی کا ڈھانچہ اور کام وکاج بیان کیجئے

(42) • چھوت چھات ایک غیر انسانی عمل ہے تنقیدی جائزہ لیجئے

یا

منظم مزدور غیر منظم مزدور سے الگ ہوتے ہیں / امتیاز رکھتے ہیں کیسے؟

(43) • عوامی حلقہ کے زیر انتظام کوئی چھ لوہے اور فولاد سازی کی صنعتوں کے نام لکھئے

یا

سیلابوں کے قدرتی وجوہات بیان کیجئے

(44) • روپیوں کی ترقی کے مراحل کی وضاحت کیجئے

یا

2003ء کے حکومت ہند کے مالیاتی ذمہ داری اور بجٹ انتظامی ایکٹ FRBMA کے اہم مقاصد بیان کرو

(45) • بینک کے کام وکاج بیان کیجئے

یا

معاشی ترقی میں صنعت کاروں کا کردار بیان کرو

V • مندرجہ ذیل سوال کا جواب 8 تا 10 جملوں میں لکھئے 1×4=4

(46) • ہندوستان کی جدوجہد آزادی میں قبائلی باشندوں کا کردار بیان کرو

VI • (47) • ہندوستان کا نقشہ نکال کر مندرجہ ذیل کی نشاندہی کیجئے 1+3=4

(a) دہلی (b) دریائے چمبل (c) کانڈلا